19/09/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید تجمل اندرابی سے خبریں سُنیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ امن و استحکام اور اتحاد کے جذبے سے ملک کی ترقی یقینی بن سکتی ہے سرینگر میں ایک تقریب پر ایل جی منوج سنہاکا اظہار خیال-NIT//

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا صنعت و حرفت محکمے کو مزید متحرک بنانے پر زور ۔

*........ سیوا پرو کے سلسلے میں ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی تقریبات کا انعقاد جاری۔

اور

اصلاحات کے فوائد کسانوں GST * ........ زراعت کے مرکزی وزیرشیو راج سنگھ چوہان نے کی تک پہنچانے کی تلقین۔

اب پیش ہیں باقی خبریں

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امن اور استحکام ، اتحاد کے جذبے اور مشترکہ اہداف سرینگر میں NIT سے بھارت ترقی کے نئے منازل طے کر سکتا ہے-ان باتوں کا اظہار انہوننے ہندی پکھواڑہ کے سلسلے میں " بھارتی زبانوں کے انضمام"کے موضوع پر منعقدہ ایک قومی سمینار سے خطاب کے دوران کیا ۔ سمینار کے انعقاد مینبھارتیہ بھاشا سمیتی نے اپنا اشتراک دیا تھا۔ ایل جی نے کہا کہ بھارت کا لِسانی تنوع اس ملک کی عظمت کی عکاسی کرتا ہے ۔

کے NITسمینار میں شکشھا سنسکرتی اُٹھان نیاس کے قومی سیکریٹری اُتل بھائی کوٹھاری ، ڈائریکٹر پروفیسر ونود کمار کنوجیا اور صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ کے علاوہ دیگر کئی شخصیات نے بھی شرکت کی۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج صنعت و حرفت محکمے کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کے دوران محکمے کی وساطت سے روزگار کے وسائل پیدا کرنے ،سٹارٹ اپس قائم کرنے ، دستکاروں کی بہبود اور صنعتی سرمایہ کاری سے متعلق مختلف امورات کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ محکمے نے سال 2025-26 کے دوران اب تک چار ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کی ہے ۔

اس کے علاوہ اسی مدت میں ایک ہزار 127 سٹارٹ اپس کی رجسٹریشن کی گئی ہے جبکہ چار لاکھ سے زائد دستکاروں کو معاونت فراہم کی گئی ہے ۔

وزیر اعلیٰ نے افسروں پر زور دیا کہ وہ محکمے کو مزید متحرک بنانے پر توجہ مرکوز کریں ۔

سنگ بنیاد

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتونے آج دمحال ہانجی پورہ کولگام میں ریسٹ ہاؤس کا سنگ بنیاد رکھا۔اس پروجیکٹ پر دو کروڑ94لاکھ روپے کی لاگت آئے گی۔

اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہاکہ حکومت ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کیلئے پر عزم ہے۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہاکہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار نے مختلف پروجیکٹوں کو عملانے کا کام شروع کیا ہے ۔

سیوا پرو

سیوا اور
س

---

شاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے وزیر اعظم نریندر ± مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کے لیے انتھک کام کررہی ہے۔ سیوا پرو کے سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار نے کس طرح پورے ملک

میں قبائلی برادریوں کو بااختیار بنانے کے عمل کو مستحکم کیا ہے۔ پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ رپورٹ۔

آیوش

سیوا پرو کے سلسلے میں آیوش محکمے کی جانب سے ویسو  اننت ناگ میں مائگرنٹ کالونی میں ایک طبی کیمپ منعقد کیا گیا ۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ کیمپ کے دوران سینکڑوں مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئی جبکہ کیمپ کے آغاز میں ایک یوگا سیشن بھی منعقد کیا گیا ۔

بانڈی پورہ

جموں کشمیر کی جانب سے بانڈی پورہ میں شجر کاری BJP ادھر سیوا پکھواڑہ کے سلسلے میں NM مہم کا آغازہوا ۔پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول کی قیادت میں یہ مہم بائر ہائر اسکنڈری اسکول کلوسہ سے شروع کی گئی ۔ اس موقعے پر پارٹی کے دیگر لیڈران بھی موجودتھے۔

BJP

مورچہ کے OBC جموں کشمیر کےBJP وزیر اعظم نریندرمودی کے جنم دن کی مناسبت سے کا انعقاد ہوا ۔Body Organs Donation Camp اہتمام سے جموں میں

سٹیٹ آرگن اینڈ ٹشو ٹرانسپلانٹ آر گنائزیشن کے اشتراک سے منعقدہ اس کیمپ کا افتتاح پارٹی کے پردیش صدر ست شرما نے کیا ۔

پارٹی کے مہیلا مورچہ کی جانب سے جموں مینسوچھتا ابھیان کا بھی اہتمام کیا گیا ۔

GST

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ٹریکٹروں شرحوں کی کٹوتی کے فائدے، کسانوں تک براہ راست پہنچنے چاہئیں۔ GST اور زرعی سامان پر

نئی دلّی میں زرعی مشینری اور آلات کی کمپنیوں کے نمائندگان کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت میں 12 یا 18 فیصد کی شرح کو کم کرکے 5  GST کرتے ہوئے شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ فیصد کردینے سے، ٹریکٹرز اور مشینری، خاص طور پر سستی ہو جائے گی۔

فیض بخشی

اصلاحات کی رو سے روزمرہ کے استعمال کی بیشتر چیزوں پر GST مرکزی سرکار نے جدید کی شرحوں کو کم کیا گیا ہے .عوامی GST مکمل طور ہٹایا ہے جبکہ کئی دیگر اشیاءپر GST حلقوں میں ان اصلاحات کی بڑے پیمانے پر ستائش کی جا رہی ہے .

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سیکریٹری جنرل فیض بخشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا .

PDD

پاوٗ ر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے فیلڈ ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے محکمے کے نے جمونکشمیر کے سبھی اضلاع میں ایک جامع تربیتی پروگرام Electrical Inspectorate شروع کیا ہے.

محکمے کے پرنسپل سیکریٹری ایچ راجیش پرساد کی نگرانی میں اس پروگرام کے تحت اب تک 7سو80لائن مینونکو حفاظتی تدابیر اپنانے سے متعلق تربیت فراہم کی گئی ہے .

قبائیلی امور

نے آج ایک ورچول میٹنگ Prasana Ramaswamy G قبائیلی امور محکمے کے سیکریٹری کے ذریعے جموں صوبے کے پونچھ ضلع میں آدی کرمیوگی ابھیان کی عمل آوری کا جائزہ لیا.ضلع کے ڈپٹی کمشنر اشوک کمار شرما نے انہیں ابھیان کی پیشرفت کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی .

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں.

پربھی سما عت کر سکتے ہیں. DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سنیل شرما

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے اپیل کی ہے کہ وہ حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہوئے حالات کے تناظر میں کچھ مسابقتی امتحانات کو موخر کرنے کے احکامات صادر کریں ۔

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار نے جموں کشمیر میں انتظامی عمل میں جوابدہی اور شفافیت کے کلچر کو بحال کیا ہے ۔ سرینگر میں متعدد عوامی وفود سے بات کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں کو در پیش مسائل حل کرنے کا یقین دلایا ۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹیڈ جمونکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ جمونکشمیر میں قدرتی آفات سے متاثر میوہ

---

ۂ صنعت سے وابستہ افراد کو مناسب ریلیف دیا جانا چاہئے ۔

انہوں نے آج نئی دلی میں پارٹی کے قومی صدر اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کے ساتھ ملاقات کے دوران جموں کشمیر میں حالیہ سیلاب سے پیداہوئے حالات کے بارے میں انہیں جانکاری دی ۔نتیش کمار نے متاثرین کیلئے ہر ممکن امداد کا یقین دلایا ۔

رویندر ینہ

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے سینئر لیڈر روِندر رینہ نے آج سوپور فروٹ منڈی کا دورہ کر کے وہاں میوہ صنعت سے وابستہ کئی افراد کے ساتھ بات کی ۔ روِندر رینہ نے انہیں یقین دلایا کہ وہ کشمیر سے سیبوں کو ملک کی مختلف منڈیوں تک جلد از جلد پہنچانے کا معاملہ متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائیں گے ۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں وادی کے ایک فنکار شاہ جہاں احمد بھگت نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

منشیات

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے اننت ناگ اور سوپور میں تین منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو کوئنٹل سے زیادہ نشیلی اشیائ بر آمد کی ہے ۔

60سال

1965 میں پاکستان کے ساتھ ہوئی جنگ میں بھارت کی فتح کے 60 سال مکمل ہونے کے تقریب منعقد ہوئی Diamond Jublee سلسلے میں آج نئی دلی میں بھارتی فوج کی جانب سے جس مینوزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ۔ انہوں نے اس جنگ میں اپنی جانوں کی قربانی دینے والے بہادر فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ۔

انہوں نے ان فوجیوں کے اہلِ خانہ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ حال کے آپریشن سندور نے دہشت پسندی کے تئیں بھارت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا اظہار کیا ہے ۔

حکیم عرفان

بھارت نے پچھلے گیارہ برسوں کے دوران مختلف شعبوں میں قابل ذکر ترقی درج کی ہے مختلف سکیموں کی عمل آوری مینشفافیت کے ساتھ مستحقین تک Direct Benefit Transfer- فوائد پہنچانے میں موثر ثابت ہوا ہے ۔

اس سلسلے میں وادی کے ایک معروف صحافی اور ماہرِ اقتصادیات حکیم عرفان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**تعزیت**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے پارٹی کے سینئر لیڈر اور ادھمپور کے ضلع سیکریٹری رمیش انتھل کے فوت ہونے پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ان کے علاوہ پارٹی کے دیگر کئی لیڈروں نے بھی آنجہانی کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے ۔**

**اطلاع**

**شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کی ایک اطلاع کے مطابق ادارے کے چوتھے کنووکیشن کے لئے آن لائن رجسٹریشن کی آخری تاریخ 24 ستمبر تک بڑھا دی گئی ہے ۔**

**کھو کھو**

**IRP پولیس کے سوک ایکشن پروگرام کے تحت گورنمنٹ ہائی سکول کہری بل مٹن اننت ناگ میں کی دسویں بٹالئین کے اہتمام سے کھو کھو ٹورنامنٹ منعقد ہوا جس میں کل آٹھ ٹیموں نے شرکت کی ۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب پر فاتح ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے گئے ۔**

**ٹورنا منٹ**

**اس دوران پولیس کے اہتمام سے کولگام میں منعقد ہوا شہید امن کمار ٹھاکر یادگاری کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوا ۔ اختتامی تقریب پر ایس ایس پی کولگام ساحل سرنگل نے کہا کہ پولیس نوجوانوں کو تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے میں اپنا رول ادا کرتی رہے گی ۔**

**ایشیاکپ**

**میں گروپ-اے کے اپنے آخری میچ میں Abu Dhabi ایشیاءکپ کرکٹ ٹورنامنٹ 2025 میں آج سے ہوگا۔ یہ میچ شیخ زائد اسٹیڈیم میں رات 8 بجے سے کھیلا جائے گا۔ Oman بھارت کا مقابلہ دو میچوں سے چار پوائنٹ کے ساتھ بھارت س**

---

**اِس سے باہر ہوگیا ہے۔ گروپ Oman پر-فور کیلئے پہلے ہی کوالیفائی کرچکا ہے، جبکہ± مرحلے میں بھارت کی کارکردگی اچھی رہی ہے۔**

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہو نے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ2ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 6 بجکر17 منٹ پر اور غروب آفتاب شام6 بج کر30منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ